# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 09 January-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۹؍جنوری ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ مرکزی حکومت شاہراہوں پر حادثات کے متاثرین کیلئے نقد سے پاک معالجاتی اسکیم نافذ کرے گی۔

☆ میونسپل انتخابات کی رائے دہی ایک کی ہفتے دوری پر- مختلف سیاسی پارٹیوں کے انتخابی منشور جاری۔

☆ امبرناتھ میں کانگریس کے 12 معطل کونسلرس کی بی جے پی میں شمولیت- کانگریس نے کی مذمت۔

☆ آئندہ اتوار کو ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے پہلے مرکزی لوک فن فیسٹیول کا انعقاد۔

اور۔۔۔☆ پی وی سندھو ملائیشیا اوپن بیڈمنٹن چیمپئن شپ ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میں داخل۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے۔۔۔**

مرکزی حکومت شاہراہوں پر حادثات کے متاثرین کیلئے کیش لیس طبّی خدمات اسکیم نافذ کرے گی۔ شاہراہ وحمل ونقل اور شہری ہوابازی کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کل دہلی میں منعقدہ ایک صحافتی کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔ تمام ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے وزرائے حمل ونقل اور ٹرانسپورٹ ترقیاتی بورڈ کے اجلاس کے بعد گڈکری مخاطب تھے۔ انھوں نے بتایا کہ اس اسکیم کا وزیرِ اعظم کے ہاتھوں جلد ہی افتتاح عمل میں آئے گا۔ گڈکری نے مزید بتایا کہ اس اسکیم کے ساتھ، اب حادثے کے متاثرین کو فوری طور پر اسپتال لے جانے والے شخص کو 25 ہزار روپئے کا انعام بھی دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا......

**Byte: Transport Minister Nitin Gadkari**

***** ***** *****

مرکزی حکومت نے مردم شماری کے پہلے مرحلے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ اس سال یکم اپریل سے 30 ستمبر کے درمیان ملک کی تمام ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام صوبوں میں مکانات شماری کی جائے گی۔ دوسرے مرحلے میں فروری 2027 میں آبادی کی گنتی کی جائے گی۔ یہ ملک کی پہلی مردم شماری ہوگی جو موبائل ایپ کے ذریعے کی جائے گی۔

***** ***** *****

بہار سمیت ملک کی دیگر ریاستوں میں انتخابی کمیشن کی معرفت فہرستِ رائے دہندگان پر خصوصی نظرِ ثانی اور دوبارہ تصدیق کے عمل کو چیلنج کرنے والی درخواستوں پر عدالتِ عظمیٰ میں منگل کو حتمی سماعت کا آغاز ہوگا۔ چیف جسٹس سوریہ کانت کی سربراہی والی بنچ پر سنوائی کا عمل 13 جنوری سے دوبارہ شروع ہوگا۔

***** ***** *****

ریاست کی 29 میونسپل کارپوریشنز میں آئندہ 15 جنوری کو رائے دہی ہوگی۔ اس کے پیشِ نظر متعلقہ علاقوں میں عام تعطیل کا اعلان کیا گیا ہے۔ متعلقہ حکمنامے میں واضح کیا گیا کہ یہ حکم میونسپل کارپوریشن حدود میں واقع مرکزی حکومت کے دفاتر، نیم سرکاری دفاتر، عوامی اداروں، بینکوں[4] اور اس طرح کے دیگر اداروں پر بھی لاگو ہوگا۔

دریں اثنا، میونسپل انتخابات میں رائے دہی کیلئے ووٹر شناختی کارڈ سمیت 12 دستاویزات قبول کیے جائیں گے۔ یہ معلومات ریاستی انتخابی کمیشن نے دی ہے۔ ان دستاویزات میں پاسپورٹ، آدھار کارڈ، ڈرائیونگ لائسنس، انکم ٹیکس محکمے کا پین کارڈ، قومی بینکوں یا ڈاک محکمے کے کھاتے دار کی تصویر والی پاس بک، کسی مجاز محکمے کا جاری کردہ تصویر پر مشتمل معذوری سرٹیفکیٹ، قومی دیہی روزگار ضمانت اسکیم کے تحت تصویر والے شناختی کارڈ وغیرہ شامل ہیں۔

***** ***** *****

امبرناتھ نگر پریشد میں کانگریس پارٹی کے پردیپ پاٹل سمیت بارہ نومنتخبہ کونسلرس نے کل بی جے پی میں شمولیت اختیار کرلی۔ بی جے پی کے ساتھ مفاہمت کرنے پر کانگریس پارٹی نے ان تمام کونسلرس کو پارٹی سے خارج کردیا تھا۔

دریں اثنا، کانگریس کے ریاستی صدر ہرش وردھن سپکال نے بی جے پی میں شمولیت کے اس اقدام کی سخت مذمت کی ہے۔ وہ کل، جالنہ میں صحیفہ نگاروں سے مخاطب تھے۔ کانگریس پارٹی کے مطابق یہ اقدام سرِ دست غیر قانونی ہے اور ان تمام 12 کونسلرس کی رکنیت منسوخ کرانے کیلئے قانونی چارہ جوئی کی جائے گی۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ اور بی جے پی رہنما دیویندر پھڑنویس نے کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں ایک رابطہ اجلاس سے خطاب کیا۔ چِکل تھانہ علاقے میں منعقدہ اس اجلاس کو شہر کے کئی علاقوں میں براہ راست نشر کیا گیا۔

اسی دوران، پھڑنویس نے اہلیا نگر میں ایک انتخابی تشہیری جلسے سے بھی خطاب کیا۔ انھوں نے یقین دلایا کہ وہ پنیہ شلوک اہلیا بائی ہولکر کے مثالی نمونے کو سامنے رکھ کر ریاستی حکومت میں بہتری لائیں گے۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ریاست میں میونسپل انتخابات کی تشہیری مہم عروج پر ہے۔ متعدد سیاسی رہنما تشہیری دورے کررہے ہیں اور انتخابی منشور بھی جاری کیے جا رہے ہیں۔

ونچیت بہوجن اگھاڑی نے کل ممبئی میونسپل کارپوریشن انتخابات کیلئے اپنا انتخابی منشور جاری کیا۔ پارٹی نے کہا ہے کہ یہ منشور ممبئی کے لوگوں کے مسائل، جدوجہد اور امیدوں و امنگوں پر مبنی منشور ہے۔

بی جے پی نے بھی کل، نئی ممبئی میونسپل کارپوریشن سمیت ناسک میونسپل کارپوریشن کیلئے ''کمبھ دور کا امرت عہد'' کے نام سے اپنا انتخابی منشور جاری کیا۔ جبکہ ونچیت بہوجن اگھاڑی اور کانگریس نے کل چھترپتی سمبھاجی نگر کیلئے اپنے انتخابی منشور کا اعلان کیا۔ کانگریس نے اس منشور میں یومیہ آبرسانی، ہر وارڈ میں ایک سماجی جلسہ گاہ اور کھام ندی و سکھنا ندیوں کے دامن کو وسیع کرنے کے وعدے کیے ہیں۔

***** ***** *****

وزیراعلیٰ بلی راجہ کھیت راستے اسکیم کے کاموں میں تیزی لانے کیلئے، اب ایک شریک صدر اور پانچ ترقی پذیر کسانوں کو اسمبلی حلقے کی سطح کی کمیٹی میں شامل کیا جائے گا۔ساتھ ہی رابطہ وزیر کی سر براہی والی کمیٹی میں تمام قانون ساز کونسل کے اراکین کو بھی ضلعی سطح کی کمیٹی میں بطورِ رُکن شامل کیا گیا ہے۔ اس حوالے سے سرکاری فیصلہ بھی جاری کر دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کی ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کا پہلا مرکزی فیسٹیول آئندہ 11 اور 12 جنوری کو منعقد ہوگا۔طلبہ بہبودی بورڈ کے ڈائریکٹر ڈاکٹر کیلاش امبھورے نے یہ اطلاع دی۔اس فیسٹیول میں 377 فنکار چار اسٹیج پر 11 فنون پیش کریں گے۔جبکہ فیسٹیول میں چار اضلاع کے یونیورسٹی سے ملحقہ کالجوں کی 61 ٹیمیں اور یونیورسٹی اور ذیلی کیمپس کی ایک ایک ٹیم حصہ لے گی۔

***** ***** *****

بھارت کی پی وی سندھو ملائیشیا اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میں داخل ہوگئی ہیں۔سندھو نے جاپان کی توموکو میاجا کی کو 21-8، 21-13 کے فرق سے ہرایا۔کوارٹر فائنل میں سندھو کا مقابلہ جاپان کی اَکانے یاما گُچی سے ہوگا۔سندھو نے اس ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میں چوتھی بار رسائی حاصل کی ہے۔

***** ***** *****

بزرگ ماہر ماحولیات ڈاکٹر مادھو گاڈگل کے جسدِ خاکی پر کل پونے میں آخری رسومات ادا کر دی گئیں۔گاڈگل' کا کل پونے میں انتقال ہوا تھا، ان کی عمر 83 برس تھی۔ چھ دہائیوں پر محیط اپنی کارکردگی میں، گاڈگل نے ماحولیات سے متعلق بیداری کیلئے انتھک جدوجہد کی۔انہوں نے مغربی سمت کی پہاڑیوں پر حیاتیاتی تنوع کے تحفظ میں گراں قدر تعاون دیا۔

***** ***** *****

دھولیہ-شولاپور شاہراہ پر کنڑ گھاٹ میں ایک گاڑی کو پیش آئے بھیانک حادثے میں تین عقیدت مندوں کی موت ہوگئی اور چار مسافرین شدید زخمی ہوگئے۔یہ سبھی عقیدت مند اہلیانگر ضلعے کے شیگاؤں کے ساکن تھے۔ڈرائیور کا گاڑی پر سے قابو ختم ہونے کے سبب یہ حادثہ ہونے کی اطلاع ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے علاقائی ٹرانسپورٹ آفیسر وجے کاٹھوڑے نے سڑک حادثات سے بچاؤ کیلئے شہریوں سے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرنے کی اپیل کی ہے۔روڈ سیفٹی مہم کی مناسبت سے آکاشوانی کو دیے گئے ایک خصوصی انٹرویو میں کاٹھوڑے نے یہ اپیل کی۔

***** ***** *****

میونسپل کارپوریشن انتخابات کے پیشِ نظر رائے دہی مراکز کے افسران اور ملازمین کو چھترپتی سمبھاجی نگر میں کل دوسرے مرحلے کی تربیت دی گئی۔ تاہم اس تربیتی کیمپ سے 800 ملازمین غیر حاضر رہے۔میونسپل کمشنر اور انتخابی افسر جی شری کانت نے غیر حاضر تمام 800 ملازمین کے خلاف مقدمات درج کرنے کی ہدایت دی ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے میں تعلقہ جاتی سطح پر قبل از حمل اور زچگی سے قبل جنس تشخیص کی روک تھام کے PCPNDT قانون کے حوالے سے معلوماتی ورکشاپس کا انعقاد کیا گیا۔اس پہل کے تحت آٹھویں ورکشاپ کل دھاراشیو میں منعقد ہوئی۔ان ورکشاپس کا مقصد جنسی تناسب کو بہتر بنانا اور معاشرے میں جنسی مساوات سے متعلق بیداری پیدا کرنا ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**اورآخرمیں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر۔۔۔**

☆ مرکزی حکومت شاہراہوں پر حادثات کے متاثرین کیلئے نقد سے پاک معالجاتی اسکیم نافذ کرے گی۔

☆ میونسپل انتخابات کی رائے دہی ایک کی ہفتے دوری پر۔مختلف سیاسی پارٹیوں کے انتخابی منشور جاری۔

☆ امبرناتھ میں کانگریس کے 12 معطل کونسلرس کی بی جے پی میں شمولیت ۔کانگریس نے کی مذمت۔

☆ آئندہ اتوار کوڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے پہلے مرکزی لوک فن فیسٹیول کا انعقاد۔

اور۔۔۔☆ پی وی سندھو ملائیشیا اوپن بیڈمنٹن چیمپئن شپ ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میں داخل۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کوآپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****